Maulana Azad National Urdu University

Master of Social Work: I Semester Examination, December 2023

Paper : **MMSW102CCT : Sociology for Social Work**

پرچہ : نفسیات برائے سوشل ورک

Time : 3 hrs Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) سماجیات کی تعریف کے لیے کون سا جواب صحیح ہے؟

(I) سماج کا سائنسی طرز پر مطالعہ کرتی ہے
(II) فرد اور سماج کے درمیان ربط کو واضح کرتی ہے
(III) سماجی زندگی اور سماجی اداروں کا مطالعہ کرتی ہے
(IV) سماجی بدلاؤ کے پیٹرن کا مطالعہ کرتی ہے

(a) II,III اور IV (b) I,II اور IV (c) I,III اور IV (d) I,II,III اور IV

(ii) یہ جملہ کہ اب تک انسانی تاریخ طبقاتی جدوجہد (کلاس اسٹرگل) کی تاریخ ہے۔

(a) آگسٹ کامٹ (b) ایمائل درکھائم (c) ہربرٹ اسپنسر (d) کارل مارکس

(iii) سوسیولوجیکل امیجی نیشن کا تصور کس نے دیا ہے؟

(a) اینتھی گڈنس (b) سی رائٹ ملز (c) کارل مارکس (d) میکس ویبر

(iv) اگر کوئی فرد معاشرے میں ایڈجسٹ نہ کر پانے کی وجہ سے خودکشی کرتا ہے تو وہ درکھائم کے مطابق خودکشی کی کون سی قسم ہے؟

(v) سماجیات کی کسی کتاب کا پورا نام درج کریں۔

(vi) اسوتوش وارشنے کے مطابق ہندوستان میں فرقہ وارانہ فسادات کو روکنے کے لیے دو کون سی حکمت عملی ہے؟

(vii) فیملی ایک پرائمری گروپ ہے۔ (صحیح/غلط)

(viii) اگر کوئی فرد اپنی گھریلو اقدار کی وجہ سے اپنی پسند کے مطابق کوئی کام نہیں کر پاتا ہے تو اس کے پیچھے کیا وجہ ہوتی ہے؟

(a) انفرادی سوچ (b) رسمی سماجی کنٹرول (c) مذہبی دباؤ (d) غیر رسمی سماجی کنٹرول

(ix) کیا ہندوستان میں اکانومک سدھار کی وجہ سے سوشل اسٹیٹس بھی بدل جاتا ہے؟ (ہاں/ نہیں)

(x) درج ذیل میں کون سا سماجی تربیت کا ادارہ نہیں ہے۔

(a) اسکول (b) جینڈر یعنی صنف (c) پیر گروپ (d) فیملی

حصہ دوم

2۔ سماجیات کے تصور کو بیان کریں۔

3۔ جدید سماج کے بارے میں کارل مارکس کے خیالات کو پیش کریں۔

4۔ فرقہ پرستی پر نوٹ لکھیں۔

5۔ سوشل کنٹرول کے مختلف طریقوں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

6۔ ہندوستان میں کاسٹ ازم کی شکلوں کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

7۔ مذہب کی سماجیات کو بیان کریں اور اس کے سماجی اثرات کو لکھیں۔

8 ۔ سوشل اسٹریٹیفیکیشن کے بارے میں مختصر مضمون لکھیں۔

9۔ جدید معاشرے کی خصوصیات کو بیان کریں۔

حصہ سوم

10۔ پسماندگی اور پسماندہ طبقات کو سمجھنے کے لیے سماجیات کے رول کا جائزہ پیش کریں۔

11۔ سماجی درجہ بندی میں ذات اور کلاس کے تصور کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

12۔ سماجیاتی تخیل اور فہم عامہ کے درمیان فرق کو مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔

13۔ سماجیت سازی (سوشلائزیشن) کے ذریعے ثقافتی اقدار کو منتقل کیا جاتا ہے۔اس تصور پر تفصیلی مضمون لکھیں۔

14 ۔ فرقہ وارانہ فسادات کو سمجھنے اور ان کو روکنے کی حکمت عملی کی تفصیلی وضاحت کریں۔

☆☆☆